Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ — عوام کی بے ساختہ للکار — ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت — ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

جلد 15 | پیر، 30 ستمبر 2024ء ، 25 ربیع الاول 1446ھ، قیمت 10 روپے | شمارہ 177

مزدوروں پر حملوں کے بہیمانہ واقعات کی جتنی مذمت کی جائے کم ہے شہباز شریف

بے گناہ مزدوروں پر حملہ سفاکانہ اور قابل مذمت فعل ہے صدر زرداری

مزدوروں پر حملوں کے بہیمانہ واقعات کی جتنی مذمت کی جائے کم ہے شہباز شریف ہمدردیاں جاں بحق مزدوروں کے لواحقین کے ساتھ ہیں، محسن نقوی

لاہور، صوبائی وزیر صحت خواجہ عمران نذیر کی عیادت مرسڈ آئس میں ویلسی نیئر کو درپیش مسائل سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

اسرائیل دہشت گرد کارروائیوں میں مصروف ہے، حافظ نعیم

اسرائیل کے سامنے حماس اور حزب اللہ سیسہ پلائی دیوار بنے ہوئے ہیں

اسرائیل ساری کارروائی کے باوجود مزاحمت کی تحریک کو ختم نہیں کرسکتا

کراچی (این این آئی) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا ہے کہ اسرائیل کے سامنے حماس اور حزب اللہ سیسہ پلائی دیوار بنے ہوئے ہیں۔ نیوز کانفرنس کرتے ہوئے حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا کہ اسرائیل دہشت گرد کارروائیوں میں مصروف (بقیہ نمبر 2)

ہیلمٹ کے بغیر یونیورسٹیوں، کالجز میں داخلے پر پابندی

ہائر ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ نے ہیلمٹ کے حوالے سے خصوصی مہم چلانے کی ہدایت کردی

لاہور (این این آئی) صوبائی دارالحکومت لاہور میں ہیلمٹ کے بغیر یونیورسٹیوں اور کالجز میں داخلے پر پابندی عائد کردی گئی۔ ہائر ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ نے ہیلمٹ کے حوالے سے خصوصی مہم چلانے کی ہدایت کردی، (بقیہ نمبر 5)

اکتوبر میں ڈینگی مچھر میں اضافہ ہوسکتا ہے الرٹ جاری

محکمہ موسمیات نے اکتوبر میں اس میں مزید اضافے کے خطرے کی گھنٹی بجادی

اسلام آباد (این این آئی) محکمہ موسمیات نے آئندہ ماہ اکتوبر کے مہینے میں ملک بھر میں اور خصوصی طور پر 10 شہروں میں ڈینگی کے کمسر میں نمایاں اضافے کا الرٹ جاری کردیا۔ محکمہ موسمیات کے مطابق ہفتوں میں ڈینگی میں نمایاں (بقیہ نمبر 4)

فضل الرحمٰن کو ملا کر بھی ترمیم نہیں ہوسکتی، قاسم اکرم

ملتان، میانوالی اور فیصل آباد والے تیار ہوجائیں، 2 اکتوبر کو بھرپور احتجاج کریں گے

اسلام آباد (این این آئی) تحریک انصاف کے سیکرٹری اطلاعات قاسم اکرم نے کہا ہے کہ مولانا فضل الرحمان حکومت کے ساتھ مل بھی جائیں، حکومت آئینی ترمیم نہیں کرسکتی۔ ملتان ، میانوالی اور فیصل آباد (بقیہ نمبر 3)

6 وفاقی وزارتوں سے متعلق فیصلہ کرلیا، اب عمل درآمد کرنا ہے، وزیر خزانہ

ٹیکس وصولی بڑھانا ناگزیر

آئی ایف کے پاس جانے کا مقصد معاشی استحکام اور جاری منصوبوں کو پایہ تکمیل تک پہنچانا تھا، اس پروگرام کے آنے کے بعد ہم معاشی استحکام کی طرف تیزی سے بڑھیں گے، بینیفر محمد اورنگزیب کی پریس کانفرنس

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر خزانہ بینیفر محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ حکومت نے 6 وفاقی وزارتوں سے متعلق فیصلہ کرلیا ہے، اب عمل درآمد کرنا ہے، آئی ایف کے پاس جانے کا مقصد معاشی استحکام اور جاری منصوبوں کو پایہ تکمیل تک پہنچانا تھا، اس پروگرام کے آنے کے بعد ہم معاشی استحکام کی طرف تیزی سے بڑھیں گے، بینیفر محمد اورنگزیب کی پریس کانفرنس کا مکمل (بقیہ نمبر 1)

وفاقی وزیر خزانہ بینیفر محمد اورنگزیب میڈیا سے بات چیت کر رہے ہیں

2 بھائیوں کے درمیان جائیداد کے تنازع پر گولیاں چل گئیں

لاہور (آئی آئی پی) لاہور میں مصری شاہ کے علاقے میں 2 بھائیوں کے درمیان جائیداد کے تنازع پر فائرنگ کے نتیجے میں 2 افراد زخمی ہوگئے۔ پولیس کا کہنا ہے کہ (بقیہ نمبر 7)

بے گناہ مزدوروں کو ناحق قتل کرنا انسانی اقدار کے منافی ہے

واقعہ میں ملوث شرپسند عناصر کسی رعایت کے مستحق نہیں ہیں، چیئرمین سینٹ

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین سینٹ سید یوسف رضا گیلانی نے بلوچستان کے علاقے میں شرپسند عناصر کی جانب سے مزدوروں پر فائرنگ کے واقعے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ بے گناہ مزدوروں کو ناحق قتل کرنا انسانی اقدار کے منافی ہے، (بقیہ نمبر 6)

سی پیک نے پاک چین دوستی کو نئی بلندیوں پر پہنچایا، محسن نقوی

پاکستان کی معیشت کو مستحکم بنانے میں چین کا تاریخی کردار، سی پیک نے پاک چین دوستی کو نئی بلندیوں پر پہنچایا، محسن نقوی

پاکستان ہمارا بہترین دوست ہے، پاکستان کے ساتھ تعاون جاری وساری رہے گا، چینی قونصل جنرل ژاؤ شیرین کی گفتگو

لاہور (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے چینی قونصل جنرل ژاؤ شیرین سے ملاقات کی۔ محسن نقوی نے چین کے یوم تاسیس پر چینی قونصل جنرل ژاؤ شیرین سے ملاقات کی۔ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا کہ صدر فی ٹن بنگ کی قیادت میں چین نے ترقی کی نئی منازل طے کی ہیں، چین پاکستان کا سب سے بااعتماد اور مخلص دوست ہے، چین کی تیز رفتار ترقی سب کے لئے رول ماڈل ہے (بقیہ نمبر 6)

وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری ڈی جی پی آر میں پریس کانفرنس کر رہی ہیں

علی امین گنڈاپور ہوش کے ناخن لیں عظمیٰ بخاری

علی امین گنڈاپور پنجابیوں، پختونوں کو لڑوانا چاہتے ہیں، ہم سیاسی گدھ نہیں جو لاشوں کا انتظار کریں، عظمیٰ بخاری

پنجاب میں بدمعاشی اور غنڈہ گردی کی اجازت نہیں آپ کو پنجاب میں قانون کو ہاتھ میں لینے کی اجازت نہیں دیں گے

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر اطلاعات عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ علی امین گنڈاپور ہوش کے ناخن لیں، پنجاب میں بدمعاشی اور غنڈہ گردی کی اجازت نہیں دیں گے، پی ٹی آئی کے جلسے میں 2 ہلاکتیں ہوئیں، پنجاب کے قانون کو ہاتھ میں لینے کی اجازت نہیں دیں گے، پی ٹی آئی نے راولپنڈی میں دفعہ 144 کی خلاف ورزی کی۔ پریس کانفرنس (بقیہ نمبر 8)

وزیر تعلیم پنجاب کا طلبا کو دبئی کی سیر کرانے کا اعلان

جامعات میں ایسی ڈگری پڑھائیں گے کہ جاب کیلئے سفارش نہ ڈھونڈنی پڑے

لاہور (آئی آئی پی) صوبائی وزیر تعلیم رانا سکندر حیات نے طلبا کو دبئی کی سیر کرانے کا اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ جامعات میں ایسی ڈگری پڑھائیں گے کہ جاب (بقیہ نمبر 7)

ڈی آئی جی آپریشنز فیصل کامران، پنجاب پبلک سروس کمیشن امتحانی مرکز جوہر ٹاؤن کا دورہ کر رہے ہیں

محکمہ موسمیات نے ملک بھر میں بارشوں سے متعلق بڑی پیشگوئی کردی

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد اور گردونواح میں مطلع جزوی ابر آلود رہے گا، پنجاب، خیبر پختونخوا اور کشمیر میں چند مقامات پر بارش کا امکان ہے جبکہ سندھ اور بلوچستان کے بیشتر علاقوں میں موسم گرم رہے گا۔ محکمہ موسمیات کے مطابق ملک کے بیشتر علاقوں میں موسم خشک اور دن کے اوقات میں (بقیہ نمبر 9)

ڈوگر ویلفیئر ٹرسٹ کے زیر اہتمام تین روزہ فری آئی کیمپ اختتام پذیر

ڈوگر ویلفیئر ٹرسٹ کا اپر دیر میں فری آئی کیمپ کامیابی سے مکمل

سات سو مریضوں کا معائنہ اور 70 آنکھوں کے آپریشنز: ڈوگر ویلفیئر ٹرسٹ کا کارنامہ

الخدمت فاؤنڈیشن اور ڈاکٹر خالد ڈوگر کی اعزازی خدمات، علاقہ مکینوں کا شکریہ

اپر دیر (نمائندہ خصوصی) - ڈوگر ویلفیئر ٹرسٹ کے زیر اہتمام اپر دیر کے علاقے چکیاتاں میں تین روزہ فری آئی کیمپ اتوار، 29 ستمبر کی شام کو کامیابی سے اختتام پذیر ہوا۔ اس کیمپ میں مقامی آبادی کو آنکھوں کے معائنہ، آپریشن اور ادویات کی فراہمی کی سہولیات بالکل مفت مہیا کی گئیں۔ معروف آئی اسپیشلسٹ ڈاکٹر خالد ڈوگر اور ان کی ٹیم نے اعزازی خدمات سرانجام دیں، جبکہ الخدمت فاؤنڈیشن کی مقامی انتظامیہ نے کیمپ کے انعقاد میں بھرپور تعاون فراہم کیا۔ ڈوگر ویلفیئر ٹرسٹ کے چیئرمین سردار جاوید اقبال ڈوگر کے مطابق، اس (بقیہ نمبر 2)

میڈیکل ٹیم اپر دیر میں تین روزہ فری آئی کیمپ میں خدمات سرانجام دے رہی ہے

نواز شریف کے پاس خاموش رہنے کا آپشن نہیں

اگر آج خاموش رہتے ہیں تو کل جواب دینا پڑیگا، شاہد خاقان عباسی نے خبردار کردیا

لاہور (آئی آئی پی) عوام پاکستان پارٹی کے سربراہ شاہد خاقان عباسی کا کہنا ہے کہ کسی کو اندازہ نہیں ہوگا کہ آج کیا ہوگا، ہم نے کہا ہے کہ ہم کسی کو نہیں بتائیں گے کہ آج کیا ہوگا، ہم نے کہا ہے کہ ہم کسی کو نہیں بتائیں گے کہ ہم کیا کریں گے، یہ حکومت کی حدود کیا ہوں گی، یہ ترتیب اس لیے لانا چاہتے (بقیہ نمبر 18)

پاکستان کے آبادی کے دھماکے سے نمٹنے کیلئے اہم اقدامات

ملک کو آبادی کی تبدیلی کے انتظام میں منفرد چیلنجز کا سامنا ہے

محکمہ باپولیشن ویلفیئر پنجاب میں مربوط سپلائی چین کے تاریخ ساز انتظامات

پنجاب میں خاندانی منصوبہ بندی کی خدمات تک وسیع رسائی یقینی بنائی گئی ہے

کنٹراسیپٹیو فوٹز وادویات کی معلومات برائے درست اشیاء کی پیشگوئی، سپلائی کی منصوبہ بندی

''مربوط سپلائی چین کے انتظام کی معلومات کی مضبوطی برائے درست اشیاء کی پیشگوئی سپلائی کی منصوبہ بندی اور منظر کشی'' سکیم دور رس نتائج کی حامل قرار

سکیم کے بنیادی اجزاء میں عوامی اور نجی شعبوں میں مانع حمل اشیاء کی مستقل فراہمی بہت اہم ہے

نجی شعبے میں این جی اوز جیسے ہینڈز، ہاتھ کنٹڈز، آرائس پی ایف، رہنما، اور اکبر حامد فاؤنڈیشن کو بھی مانع حمل اشیاء فراہم کی گئیں

لاہور (نمائندہ خصوصی) ڈائریکٹر جنرل پاپولیشن ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ ثمن رائے نے کہا ہے کہ پاکستان، جو کہ دنیا کا چھٹا سب سے زیادہ آبادی والا ملک ہے اور 2017 کے مطابق اس کی آبادی 208 ملین ہے، آبادی کی تبدیلی کے انتظام میں منفرد چیلنجز کا سامنا کر رہا ہے۔ نوجوان آبادی کی بڑی تعداد اور زچگی کی شرح میں متوقع کمی میں سے دوری کے باعث، آبادی میں اضافے کا مسئلہ (بقیہ نمبر 10)

IMF پاکستان کیلئے 7 ارب ڈالر بیل آؤٹ کے معاشی اہداف مقرر

جس کا مقصد مالیاتی اصلاحات کے ذریعے معیشت کو مستحکم کرنا اور پائیدار ترقی کو فروغ دینا ہے

آئی ایم ایف کے اندازوں کے مطابق پاکستان کی معیشت مالی سال 2025 میں بتدریج بحال ہوسکتی پیش گوئی کی گئی ہے

اسلام آباد (پی آئی) میں الاقوامی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) نے اپنے 7 ارب ڈالر 37 ماہ کی توسیعی فنڈ سہولت (ای ایف ایف) کے تحت پاکستان کے لیے اہم اقتصادی اہداف مقرر کیے ہیں، جس کا مقصد مالیاتی اصلاحات کے ذریعے معیشت کو مستحکم کرنا اور (بقیہ نمبر 9)

پٹرولیم مصنوعات سستی ہونے کے باوجود عوام ریلیف سے محروم

جو اسیدن شاہ میں ٹرانسپورٹر حضرات کی ہٹ دھرمی قائم، انتظامیہ خوش لے

چوآ سیدن شاہ (خاور شہزاد سے) پٹرولیم مصنوعات سستی ہونے کے باوجود چوآ سیدن شاہ کی عوام کو ریلیف نہ مل (بقیہ نمبر 2)

ہٹ دھرمی قائم وفاقی حکومت کی جانب سے پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں ہونے والی کمی عوام کو ریلیف محروم ٹرانسپورٹر حضرات کے سے عوام کو ریلیف نہ مل (بقیہ نمبر 2)

اپنے دل کا خیال رکھیں، صحت مند طرز زندگی اپنائیں

تمباکو نوشی اور مضر صحت خوراک سے اجتناب کریں اور ایکسر سائز کو اپنا معمول بنائیں اور ذہنی ٹینشن سے بچیں

اس سے دل کی بیماریوں سے بچ سکتا ہے۔ ورلڈ ہارٹ ڈے پر صدر پناہ میجر جنرل (ر) مسعود الرحمٰن کیانی کا پیغام

راولپنڈی (نمائندہ عوامی للکار) دنیا بھر میں آج دل کا عالمی دن منایا جارہا ہے جس کا مقصد لوگوں کو دل کی بیماریوں سے بچاؤ کی آگاہی دینا ہے۔ پاکستان سینٹل ہارٹ ایسوسی ایشن (پناہ) نے اسی سلسلے میں آج آرمڈ فورسز انسٹیٹیوٹ آف کارڈیالوجی (اے ایف آئی سی) میں ایک تقریب کا انعقاد کیا جس کا مقصد اپنے عام دشمن دل کو دل کی بیماریوں سے بچاؤ کی آگاہی دینا تھا۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے صدر پناہ میجر جنرل (ر) مسعود الرحمٰن کیانی کے کہا کہ پاکستان میں دل کے مرض میں تشویشناک حد تک اضافہ ہو رہا ہے ۔ پاکستان میں (بقیہ نمبر 20)

پاکستان سینٹل ہارٹ ایسوسی ایشن (پناہ) میں آرمڈ فورسز انسٹیٹیوٹ آف کارڈیالوجی (اے ایف آئی سی) میں ایک تقریب کا انعقاد

مولانا فضل الرحمٰن 5 سال کیلئے بلامقابلہ امیر منتخب

پشاور (این این آئی) مولانا فضل الرحمٰن 5 سال کیلئے بلامقابلہ ایک بار پھر بحیثیت علمائے اسلام (سے پارٹی ف) کے امیر منتخب ہوگئے ۔ اتوار کو جے یو آئی (ف) کے انٹرا پارٹی الیکشن پشاور میں ہوئے ۔ انٹرا پارٹی انتخابات میں پارٹی کی مرکزی کونسل کے چہرہ سو ارکان نے مرکزی امیر اور جنرل سیکرٹری کا انتخاب کیا۔ مرکزی جنرل کونسل کے تمام ارکان نے متفقہ طور پر مولانا فضل الرحمٰن کو 5 سال کے لیے بلامقابلہ امیر منتخب کرلیا جبکہ مولانا عبدالغفور حیدری (بقیہ نمبر 1)

سالانہ 75 ہزار سے زائد بچے دل کی بیماریوں کے ساتھ پیدا ہوتے ہیں

پیڈیاٹرک کارڈک سرجنز کی تعداد بہت کم، بچوں کی بیچیدہ سرجری ملک میں ریفر نہیں کی جاتیں

کراچی (این این آئی) پاکستان میں سالانہ 75 ہزار سے زائد بچے دل کی بیماریوں کے ساتھ پیدا ہوتے ہیں۔ یہی ماہرین کے مطابق پاکستان میں پیڈیاٹرک کارڈک سرجنز کی تعداد بہت کم ہے جس کی وجہ سے بچوں کی پیچیدہ سرجری ملک میں ریفر نہیں کی جاتیں۔ (بقیہ نمبر 11)

وفاقی وزیر عبدالعلیم کا حسن نصر اللہ کی شہادت پر اظہار افسوس

امن کے داعی عالمی اداروں کیلئے کھلا چیلنج ہے، اسرائیل کو قتل عام سے روکنا ہوگا

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر سرمایہ کاری بورڈ، مواصلات اور تجارت عبدالعلیم خان نے لبنانی حزب اللہ کے کمانڈر حسن نصر اللہ کی شہادت پر اظہار (بقیہ نمبر 2)

کمپریسر کے غیر قانونی استعمال پر کنکشن 84 کاٹ دیئے گئے

پنجاب، خیبر پختونخوا اور اسلام آباد میں مزید 84 گیس کنکشن منقطع، 27 لاکھ روپے سے زائد جرمانے عائد

راولپنڈی میں غیر قانونی گیس استعمال کرنے پر 2 کنکشن اور کمپریسر کے استعمال پر 4 کنکشن منقطع کیے گئے

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) سوئی ناردرن گیس کی جانب سے گیس چوری کے خلاف جاری مہم کے دوران پنجاب، خیبر پختونخوا اور اسلام آباد کے مختلف علاقوں میں مزید 84 گیس کنکشن منقطع کر دیئے گئے، جبکہ 27 لاکھ روپے سے زائد جرمانے عائد کیے گئے ۔ لاہور میں گیس کے غیر قانونی استعمال پر 19 کنکشن اور کمپریسر کے استعمال پر 14 کنکشن منقطع کیے گئے، جبکہ گیس چوروں پر 12 لاکھ 50 ہزار روپے سے جرمانے عائد کیے گئے ۔ گوجرانوالہ میں 2 کنکشن غیر قانونی گیس کے استعمال پر اور 1 کنکشن کمپریسر کے استعمال پر منقطع کیا گیا، اور 2 لاکھ 70 ہزار روپے کے جرمانے عائد کیے گئے ۔ ملتان میں غیر قانونی گیس کے استعمال پر 14 کنکشن اور کمپریسر کے استعمال پر 9 کنکشن منقطع کیے گئے ۔ فیصل آباد میں 3 کنکشن غیر قانونی گیس کے استعمال پر منقطع کیے گئے اور 40 ہزار روپے کا جرمانہ (بقیہ نمبر 4)

SUI NORTHERN

چیئرمین وزیراعظم یوتھ پروگرام رانا مشہود احمد خان نوازم انسائیکلوپیڈیا 2024 کی افتتاحی تقریب سے خطاب کررہے ہیں

سرکاری سکولوں میں مڈل، میٹرک ٹیک کی کلاسز شروع کرنے کا فیصلہ

ٹیکنیکل ایجوکیشن کے فروغ کیلئے بہترین سکولوں کا ڈیٹا مانگ لیا

چناتی گھر (این این آئی) سرکاری سکولوں میں پچھلی کے بعد اول اور میٹرک ٹیک کی کلاسز شروع کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے، پنجاب کے ہر ضلع میں ان کلاسز (بقیہ نمبر 4)

یو اے ای جانیوالے پاکستانیوں کیلئے اہم ہدایات جاری

یو اے ای میں قوانین کی خلاف ورزی پر سنگین نتائج کا سامنا کرنا پڑسکتا ہے

دبئی (این این آئی) متحدہ عرب امارات میں ملازمت یا وزٹ ویزا پر جانے والے پاکستانیوں کے لیے امارتی حکام نے قیام کا قواعد وضوابط پر عمل درآمد کرنے کے حوالے سے پیغام جاری کیا ہے۔ ایلچ ٹائمز کی رپورٹ کے مطابق ایک انٹرویو میں پاکستانی قونصل جنرل (بقیہ نمبر 25)

روزنامہ عوامی للکار راولپنڈی
Daily Awami Lalkaar
عوام کی بے ساختہ للکار
بانی: عبدالرحمٰن خان (شہید)
چیف ایڈیٹر: محمد فیصل ندیم

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

پاک فوج کے کردار کا عالمی سطح پر اعتراف

آرمی چیف چیف جنرل عاصم منیر نے کہا ہے کہ وہ افراد جو معاشرے میں مایوسی پھیلانے کی ناکام کوششیں کر رہے تھے، تمام سٹیک ہولڈرز کی اجتماعی کوششوں سے شکست کھا چکے ہیں۔ دورہ کراچی میں تاجر برادری سے سے خطاب میں انہوں نے مزید کہا کہ قوم کو پاکستان کے روشن مستقبل پر مکمل یقین ہے۔ پاکستان اللہ کے حکم سے اپنے حقیقی مقام تک پہنچے گا۔

پاکستان کو معاشی سیاسی اور دہشت گردی کے حوالے سے کئی چیلنجز درپیش تھے۔ پاک فوج جانوں کے نذرانے پیش کر کے دہشت گردی اور دہشت گردوں کو منطقی انجام سے دو چار کر رہی ہے۔ بیرونی طاقتیں تو پاکستان کے خلاف بروئے کار ہیں ہی، کچھ اندرونی عناصر بھی پاکستان کے خلاف سازشیں بنتے رہے ہیں۔ اس کے ساتھ ساتھ ففتھ جنریشن وار بھی معاشرے میں مایوسی کا سبب بن رہی تھی۔ ریاست کی طرف سے کیے گئے فول پروف اقدامات کے باعث معاشرے میں مایوسی پھیلانے والے لوگوں کو آرمی چیف کے بقول شکست ہو چکی ہے۔ یہی حقیقت اور سچ بھی ہے۔ پاک فوج کے لیے دہشت گردی بہت بڑا چیلنج تھا۔ اس چیلنج کے ساتھ جس طرح پاک فوج نے نمٹا۔ اس کا عالمی سطح پر بھی اعتراف کیا جا رہا ہے۔ سابق سری لنکن آرمی چیف جنرل دایا رتنائی کے کی طرف سے کہا گیا ہے کہ عسکری اور سیاسی قیادت نے باہمی تعاون سے دہشت گردوں کو جس جراتمندانہ انداز میں نشان عبرت بنایا وہ مسلمہ حقیقت ہے۔ پاکستان میں دہشت گردی کے خلاف جنگ میں کامیابی کا کریڈٹ جنرل عاصم منیر کو جاتا ہے۔ بلا شبہ دہشت گردی کے خاتمہ میں پاک فوج کا اہم کردار ہے جس کے جوانوں اور افسروں کی قربانیاں ناقابل فراموش ہیں۔ آرمی چیف کی فہم وفراست سے ہی دہشت گردی کی جنگ میں کامیابی ملی ہے جبکہ سوشل میڈیا پر ریاستی اداروں کیخلاف پروپیگنڈے کو روکنے میں بھی پاک فوج کا اہم کردار ہے۔

فیصل آباد میں صحت کے مسائل

(تحریر حمزہ خالد غوری)

فیصل آباد پاکستان کا شیر اور پنجاب کا دوسرا بڑا شہر ہے جس کی آبادی تقریباً ایک کروڑ سے زائد ہے فیصل آباد ایک اہم صنعتی شہر ہے جو ٹیکسٹائل کی وجہ سے پوری دنیا میں مشہور ہے یہی وجہ ہے کہ اسے پاکستان کا مانچسٹر کہا جاتا ہے بڑا شہر ہونے کے ساتھ ساتھ اس کے مسائل بھی بڑے ہیں جس میں سب سے بڑا اہم مسئلہ صحت کی سہولیات کا فقدان ہے ایک کروڑ سے زائد آبادی والے شہر کے لیے صرف اور صرف سات سرکاری ہسپتال ہیں جن میں الائیڈ ہسپتال سول ہسپتال فیصل آباد انسٹیٹیوٹ آف کارڈیولوجی جنرل ہسپتال سمن آباد جنرل ہسپتال غلام محمد آباد نصرت فتح علی خان ہسپتال اور چلڈرن ہسپتال شامل ہیں سابق نگران وزیر اعلیٰ محسن نقوی کے دور میں فیصل آباد کے اسپتالوں میں مختلف تعمیراتی اور بہتری کے کام کیے گئے ہیں تاکہ شہریوں کو بہتر طبی سہولیات فراہم کی جا سکیں۔ انہوں نے اسپتالوں کے انفراسٹرکچر کو بہتر کرنے کے ساتھ ساتھ نئے بلاکس اور شعبہ جات کی تعمیرات پر بھی توجہ دی۔ لیکن مریضوں کے علاج کے لیے کوئی خاطر خواہ اقدامات نہ کیے جا سکے جس میں سب سے بنیادی مسئلہ بیڈز کی کمی ہے خاص طور پر الائیڈ ہسپتال میں جہاں مریضوں کی تعداد بہت زیادہ ہوتی ہے جس کی وجہ سے وہاں اکثر مریضوں کو فوری علاج فراہم کرنا ناممکن ہوتا ہے الائیڈ ہسپتال میں پنجاب کے دیگر شہروں اور دیہی علاقوں سے مریض آتے ہیں لیکن سہولیات کے فقدان کی وجہ سے مریضوں کو مایوسی اور مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے ایک بیڈ پر دو سے تین مریض دیکھنے کو ملتے ہیں ہسپتالوں میں رش زیادہ ہونے کی وجہ سے اور عملے کی کمی کی وجہ سے ڈاکٹرز پر بوجھ زیادہ ہوتا ہے زیادہ مریضوں کو چیک اپ کرنے کی وجہ سے ڈاکٹرز کا رویہ مریضوں کے ساتھ بہت سخت ہوتا ہے وسائل اور سہولیات کی کمی ہونی ہے جیسا کہ ادویات آلات اور دیگر ضروری سامان کی قلت کی وجہ سے ڈاکٹروں کو مریضوں کے علاج میں مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے جس سے جس سے مریضوں کی مایوسی میں اضافہ ہوتا ہے ڈاکٹروں کو بہتر کیفیتیں سنگو اور مریضوں سے مودبانہ رویہ اختیار کرنے کی تربیت نہیں دی جاتی جو ان کے لیے سخت رویے کا باعث بنتی ہے سرکاری ہسپتالوں میں ادویات کی کمی بھی ایک بہت اہم مسئلہ ہے جس کی سب سے بڑی وجہ بجٹ کی کمی ہے جس کی وجہ سے ضروری ادویات خریدنے میں دشواری کا سامنا کرنا پڑتا ہے حکومت کی جانب سے جاری کردہ فنڈز محدود ہوتے ہیں جو تمام ضروریات کو پورا کرنے کے لیے ناکافی ہوتے ہیں یہ محدودیتی کی وجہ سے ہسپتالوں کو فراہم کی گئی ادویات مارکیٹ میں فروخت کر دی جاتی ہیں یا ان کا غلط طریقے سے استعمال کیا جاتا ہے جس کی وجہ سے ہسپتالوں میں مریضوں کے لیے ادویات کی قلت ہو جاتی ہے سرکاری ہسپتالوں میں کینٹین کا مسئلہ بھی بڑی اہمیت کا حامل ہے کینٹین والے مریضوں اور تیمارداروں سے زیادہ قیمت وصول کرتے ہیں اس مواقع خوری کے باوجود بھی وہ سستا اور معیاری کھانا فراہم نہیں کرتے مریض بیچارے پہلے ہی پریشانیوں اور مشکلات کا شکار ہوتے ہیں اوپر سے کنٹین والے انہیں مزید پریشان کرتے ہیں زیادہ تر یہ صورتحال کنٹین مالکان کی ملی بھگت کی وجہ سے ہوتی ہے اور باقاعدہ نگرانی نہ ہونے کی وجہ سے یہ عمل جاری رہتا ہے سرکاری ہسپتالوں میں صفائی کا نظام انتہائی ناقص ہوتا ہے ہسپتالوں کے واش رومز انتہائی گندے ہوتے ہیں جو مزید بیماریوں کا سبب بنتے ہیں کروڑوں کا بجٹ جاری ہونے کے باوجود اسے استعمال نہیں کرتے ان کی غیر ذمہ داری ان تمام تر صورتحال کا سبب بنتی ہے

سرکاری ہسپتالوں میں بڑے مسئلوں میں سے ایک بڑا مسئلہ پارکنگ کا بھی ہے سرکاری ہسپتالوں کے پارکنگ ایسٹینڈز پر موجود مافیا اور عوام کو لوٹنے کی صورتحال واقعی ایک اہم مسئلہ ہے۔ اکثر پارکنگ ایسٹینڈز کو ٹھیکے پر دیا جاتا ہے، لیکن بعض صورتوں میں ٹھیکیدار یا ان کے ورکر عوام سے زیادہ پیسے وصول کرتے ہیں یا پارکنگ کے جعلی ٹکٹ دیتے ہیں، جس سے عوام کو نقصان ہوتا ہے حکومت کو چاہیے کہ ہسپتالوں کے بنیادی ڈھانچے کو بہتر کرے بیڈز کی تعداد کو بڑھایا جائے۔

جدید طبی حالات فراہم کیے جائیں۔

ڈاکٹرز اور نرسز کی تعداد بڑھائی جائے اور عملے کی تربیت کی جائے شفاف کینٹین بنایا جائے۔

صفائی کے بہتر انتظامات کیے جائیں۔

مزید فنڈز کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے۔

صحت: دماغ کو خوشی کا احساس دلانے کی تربیت کے لیے 8 عادتیں

وجی (سی ایم نفس) بھارتی اخبار "بائمز آف انڈیا" کی رپورٹ کے مطابق بعض عادات ایسی ہیں جو ذہن کو طویل مدت تک مسرور رہنے کی تربیت دینے میں مددگار ہو سکتی ہیں۔ پیچھے بتائی گئی سادہ عادتوں کو روزانہ انجام دے کر دماغی مسرت محسوس کرنے کی صلاحیت کو بڑھایا جا سکتا ہے:۔۔۔1۔ شکر گزاری۔۔۔انسان کو چاہیے کہ اپنی زندگی میں مثبت امور پر توجہ مرکوز کرے تاکہ ان امور پر جو اس کے پاس نہیں یا پھر وہ امور جو اس کی زندگی میں غلط راستے پر گامزن ہیں۔ شکر گزاری کی عادت اپنا کر آپ زندگی میں مثبت پہلوؤں پر توجہ مرکوز کر سکیں ہے۔۔۔2۔ دھیان دینے کی مشق۔۔۔روزانہ کی زندگی میں دھیان دینے اور ہوشیار رہنے کی عادت کو زندگی کو پوری طرح جینے میں مددگار ہونا ہے۔ یہ تناؤ کے احساس کو بھی کم کرتی ہے اور زندگی میں اچھی چیزوں کی آگاہی کو بڑھاتی ہے۔ اس طرح ذہن کو زیادہ خوشی حاصل ہوتی ہے۔۔۔3۔ مثبت تعلقات قائم کرنا۔۔۔انسان خود کو ایسے لوگوں کے درمیان رہنے کا عادی بنا سکتا ہے جو زندگی کو مثبت نظر سے دیکھتے ہیں۔ اس طریقے سے محبت اور مسرت کے احساس کی فضا قائم ہوتی ہے۔۔۔4۔ الواف کا نعیمیں۔۔۔روزانہ کے کاموں کو ایسے چھوٹے قابل حصول اہداف میں تقسیم کرنا چاہیے جو پورے کیے جا سکیں اور پھر ان پر پورے دل سے کام کرنا چاہیے۔ قابل حصول اہداف کو پورا کرنے سے انسان کو کامیابی کا احساس ہوتا ہے اور اس کی خود اعتمادی میں اضافہ ہوتا ہے۔۔۔5۔ دوسروں پر مہربانیاں کیجیے۔۔۔یقینا دوسروں کی مدد کرنے سے ہم میں ایسے ہارمونز خارج ہوتے ہیں جو خوشی کا احساس دلاتے ہیں۔ خواہ یہ ہی صلاحیات یا کسی شخص کی معاونت یا محض مسکراہٹ سے متعلق ہو، دوسروں کے ساتھ مہربانی کرنا آپ کے اپنے مزاج کو بھی اچھا بنا سکتی ہے۔۔۔6۔ یقینوں کے لیے دماغ کھلا رکھیں۔۔۔

آئینی عدالتوں کی ضرورت

میڈیا آئی
عبدالباسط علوی
abdulbasit1s@gmail.com

کسی بھی جمہوری معاشرے میں ایک منصفانہ اور موثر نظام انصاف ضروری ہے۔ یہ نہ صرف قانون کی حکمرانی کو برقرار رکھتا ہے بلکہ انفرادی حقوق اور آزادیوں کا بھی تحفظ کرتا ہے۔ اس سلسلے میں ریاست کا ایک اہم فرض ہے کہ وہ اس بات کو یقینی بنائے کہ نظام انصاف تیزی سے اور مؤثر طریقے سے کام کرے۔

آئینی عدالتیں جمہوریت کے بنیادی اصولوں کے تحفظ اور ملک میں قانون کی حکمرانی کو برقرار رکھنے کے لیے اہم ہیں۔ یہ خصوصی عدالتیں ادارے آئینی دفعات کی تشریح اور نفاذ کرتے ہیں، اس بات کو یقینی بناتے ہوئے کہ قوانین اور حکومتی اقدامات آئینی اصولوں کے مطابق ہوں۔ ان کی اہمیت کو نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔ وہ انفرادی حقوق کی نگہبان، سیاسی تنازعات کی ثالث اور جمہوری حکمرانی کے استحکام کے طور پر کام کرتی ہیں۔

دنیا کے بہت سے ممالک میں آئینی عدالتیں موجود ہیں جو اپنے متعلقہ سیاقی و سباقی میں مؤثر طریقے سے کام کرتی ہیں۔ ایک نمایاں مثال جرمنی کی وفاقی آئینی عدالت (Bundesverfassungsgericht) ہے جو 1951 میں قائم کی گئی تھی، جس کے پاس قوانین اور حکومتی اقدامات کا جائزہ لینے کا اختیار ہے تاکہ یہ یقینی بنایا جا سکے کہ وہ بنیادی قانون (Grundgesetz) کی تعمیل کرتے ہیں۔ عدالت انسانی حقوق کے تحفظ میں اہم کردار ادا کرتی رہی ہے، خاص طور پر ان تاریخی فیصلوں کے ذریعے جو آزادی اظہار اور مساوات کو برقرار رکھتے ہیں۔ اس کے فیصلے آئینی بالادستی کے اصول کو تقویت دیتے ہوئے حکومت کی تمام شاخوں کو پابند کرتے ہیں۔ 1956 میں قائم کی گئی، اٹلی کی آئینی عدالت (Corte Costituzionale) اس بات کو یقینی بناتی ہے کہ قومی قوانین اطالوی آئین کے مطابق ہوں۔ اس کے پاس غیر آئینی سمجھے جانے والے قوانین کو منسوخ کرنے اور حکومت کی مختلف شاخوں کے درمیان تنازعات کو حل کرنے کا اختیار ہے۔ اس کے فیصلوں نے اطالوی قانون کو خاص طور پر شہری حقوق اور آزادیوں سے متعلق گہری شکل دی ہے جس سے یہ ملک کے قانونی نظام کی سنگ بنیاد ہے۔

اس کے برعکس پاکستان کے عدالتی نظام کو متعدد چیلنجوں کا سامنا ہے جو اس کی کارکردگی، اعتبار اور رسائی کو متاثر کرتے ہیں۔ اگرچہ عدلیہ قانون کی حکمرانی کو برقرار رکھنے اور شہریوں کے حقوق کے تحفظ کے لیے ناگزیر ہے، لیکن نظامی مسائل اس کی تاثیر میں رکاوٹ کھیر کا زیر التوا ہونا ہے۔

آئینی عدالتوں کا تصور دنیا کے اور دنیا کے کئی ممالک میں موجود ہے۔ اگر ہمارا مقصد اپنے عدالتی نظام کو مضبوط کرنا، اپنے شہریوں کے لیے فوری انصاف کو یقینی بنانا، اور صوبوں کے درمیان تفاوت کو ختم کرنا ہے تو FCC کا قیام ضروری ہے۔

بدقسمتی سے پاکستان میں بنیادی قومی مسائل پر ہماری سیاسی جماعتوں اور قائدین میں اتحاد کا فقدان ہے۔ آج کی پیچیدہ اور تیزی سے بدلتی ہوئی دنیا میں بنیادی قومی مسائل پر اتحاد کی اہمیت کو نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔ چاہے معاشی استحکام، سلامتی، تعلیم یا صحت عامہ سے متعلق ہوں، چیلنجوں سے مؤثر طریقے سے نمٹنے کے لیے ایک مربوط نقطہ نظر بہت ضروری ہے۔ اتحاد تعاون کو فروغ دیتا ہے، لچک کو بڑھاتا ہے اور بالآخر بہتر حکمرانی کا باعث بنتا ہے۔

ہر قوم متنوع برادریوں پر مشتمل ہوتی ہے اور ہر ایک منفرد نقطہ نظر اور تجربات لاتا ہے۔ اگرچہ یہ تنوع قومی تانے بانے کو تقویت بخشتا ہے، لیکن یہ بنیادی مسائل سے نمٹنے میں رکاوٹ کھڑے ہونے کا باعث بھی بن سکتا ہے۔ اتحاد کو اپنانے کا مطلب اختلافات کو نظر انداز کرنا نہیں ہے۔ بلکہ، اس میں مشترکہ مقاصد کے لیے مل کر کام کرنے کے لیے مشترکہ بنیاد تلاش کرنا شامل ہے۔ قومی مسائل پر متحد ہو کر معاشرے تمام شہریوں کی ضروریات کو پورا کرنے والے جامع حل تخلیق کرنے کے لیے اپنے خوص کو بروئے کار لا سکتے ہیں۔

پاکستان کے عدالتی نظام کی بات کریں تو ایسا دکھائی دیتا ہے کہ یہ بنا ہی سیاسی معاملات اور بکھیڑوں کو نمٹانے کے لیے ہے اور عوام کے حصے میں صرف اس نظام کی کرپشن، مقدمات میں تاخیر اور مایوسی ہی آتی ہے۔ عوامی مسائل کو نظر انداز یا زیر التوا رکھتے ہوئے صرف اور صرف سیاسی اور آئینی مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کرنا ہی عدالتوں کا کام نہیں ہوتا۔ ہماری سپریم کورٹ آئینی اور سرکاری معاملات میں بہت زیادہ مصروف ہے، جس کی وجہ سے ہائی کورٹس سے جائزے کے لیے اس کے پاس آنے والے مختلف مقدمات کو فوری طور پر حل کرنا ایک بہت بڑا چیلنج ہے اور ان مقدمات میں سالوں کا عرصہ لگ جاتا ہے۔ مجوزہ آئینی عدالتوں کا مقصد سپریم کورٹ پر اس بوجھ کو کم کرنا ہے، جس سے وہ دیگر مقدمات کو زیادہ تیزی سے حل کرنے پر توجہ دے سکے۔ یہ آئینی عدالتیں آئینی اور سرکاری معاملات سے الگ سے نمٹ کر طوالت سے چلنے والے عدالتی عمل کو کم کرنے میں بھی مدد کریں گی۔

پاکستان کے عوام کو فوری انصاف کا حق حاصل ہے اور اس کے حصول کے لیے ہماری سپریم کورٹ کو آئینی اور حکومتی معاملات سے متعلق مقدمات کے دباؤ سے آزاد کرنا ہوگا۔ پاکستان کی عوام آئینی عدالتوں کی اہمیت کو سمجھتی ہے اور ضرورت اس امر کی ہے کہ ہماری سیاسی جماعتیں اور لیڈرز بھی اپنے اختلافات کو بالائے طاق رکھتے ہوئے اس اہم قومی معاملے پر یک جہتی کا مظاہرہ کریں۔

اشاعت خاص

نعتیہ مشاعرہ

MEMBER WUOJ
ABC Certified
روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار
عوام کی بے ساختہ للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
ایڈیٹر انچیف: محمد فیصل ندیم

رپورٹ۔ مدیحہ کنول
(جنرل سیکرٹری اپوا)

آل پاکستان رائٹرز ویلفیئر ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام ماہ ربیع الاول کی مناسبت سے نعتیہ مشاعرہ کا انعقاد کیا گیا۔ کاسمو پولیٹن کلب باغ جناح میں جنیر مین ملی ادبی پنچائیت ریاض احمد احسان کی میزبانی میں خوبصورت تقریب ہوئی

۔تقریب کی نظامت کی ذمہ داری راقم نے ادا کی۔ تلاوت قرآن مجید کی سعادت حافظ عبدالرحمن کو حاصل ہوئی ۔بارگاہ نبوی میں گلہائے عقیدت حذیفہ اشرف نے پیش کیے۔ استقبالیہ الفاظ بانی اپوا ایم ایم علی نے کہے۔ صدر محفل ناصر بشیر کی اجازت سے نعتیہ مشاعرہ کا آغاز ہوا

۔محفل میں شامل شرکاء نے خوبصورت کلام پیش کیا اور خوب داد پائی ۔مشاعرے کے بعد ایڈوکیٹ اشرف عاصمی اور علی عمران شاہین نے اظہار خیال بھی کیا۔ شرکاء میں ،ناصر بشیر، ریاض احمد احسان، ایم ایم علی، نرگس نور ،عکاشہ سرور، ثوبیہ خان نیازی، خواجہ میاں عمر عاصمی، میاں محمد اشرف عاصمی ،اسلم سعیدی، جاوید قاسم ،کامران ناشط، حسین امجد، سیدہ غزل فاطمہ، ضیغم عباس گوندل، خواجہ جمشید امام، علی عمران شاہین مبشرہ انور ، غلام زہرہ، ایمن سعید، ثمینہ طاہر بٹ، شاہ آغا خان، علیزے آغا، حفصہ خالد، ڈاکٹر انعم پری ، ریحانہ عثمانی ساجدہ اصغر، سعدیہ ہما شیخ ،فاروق خان، لاریب اقرا ، مدیحہ کنول، نادر فہمی، نبیلہ اکبر، اویس چوہدری ، حذیفہ اشرف، دیگر کئی نام شامل تھے ۔ریاض احمد احسان کی طرف سے شرکاء کے لیے تقریب سے پہلے ہائی ٹی جبکہ تقریب کے بعد پر تکلف کھانے اور گرما گرم چائے کا اہتمام کیا گیا تھا ۔شرکاء نے اس پر وقار تقریب کی میزبانی کرنے پر ریاض احمد احسان کا شکریہ ادا کیا۔

شرکاء کا کہنا تھا کہ رسول اللہ ﷺ کے ثناء خوانی کے لیے منعقد ہونے والی تقریب کی میزبانی کرنا بہت بڑی سعادت ہے اور یہ سعادت مندی ریاض احمد احسان کے حصہ میں آئی۔ شرکاء نے اپوا کی ادبی کاوشوں کو بھی خوب سراہا اور کہا کہ اپوا دور حاضر کی ایک بہترین، متحرک اور منظم تنظیم ہے۔

تقریب کے اختتام پر اپوا کی طرف سے ایم ایم علی نے صدر محفل اور میزبان محفل کو یادگاری شیلڈز پیش کیں اس کے علاوہ تمام شرکاء کو یادگاری سرٹیفکیٹ بھی دیئے گئے ۔تقریب کے بعد کلب کے سبزہ زار میں اپوا عہدیداران و ممبران کا تفصیلی مشاورتی اجلاس بھی ہوا جس میں تنظیم کے حوالے سے مختلف چیزوں پر مشاورت بھی کی گئی اور 9 نومبر کو ہونے والی سالانہ ورکشاپ کے حوالے سے لائحہ عمل بھی تیار کیا گیا۔

یوں بہت ہی خوبصورت یادیں لیے یہ پروقار تقریب اختتام پذیر ہوئی ۔یقیناً اس تقریب کو مدتوں یاد رکھا جائے گا۔

بقیہ 1

نقصان پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا۔ انہوں نے جاں بحق افراد کے لواحقین کے ساتھ تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے زخمیوں کی جلد صحتیابی کی دعا کی۔ آصف زرداری نے نتیجے میں ہونے والے جانی و مالی نقصانات پر دکھوں کی مذمت کرتے ہوئے کہا کہ ہم نے مشکل دور میں مظلوم عوام کی خدمت کرتے ہوئے کہا کہ ہم نے پاکستان کے لئے قربانیاں دیں ہم نے ہمیشہ

ٹیکس گوشوارے جمع کروانے کی تاریخ میں توسیع کا مطالبہ

کاروبار میں شدید مندی اور ٹیکس پالیسی واضح نہ ہونے کی وجہ سے لوگوں کی اکثریت جمع کرانے سے قاصر رہی ہے

ایف بی آر کی ٹیکس پالیسیوں میں ابہام کی وجہ سے ٹیکس گزار گوشوارے نہیں جمع کرا سکے، جنرل سیکرٹری ریسل نوید کنول

راولپنڈی (نمائندہ عوامی للکار) چیئرمین ٹریڈ ریسل نوید کنول نے کہا کہ ایف بی آر کی ٹیکس پالیسیوں میں شدید مندی اور ٹیکس پالیسی واضح نہ ہونے کی وجہ سے لوگوں کی اکثریت جمع کرانے سے قاصر رہی ہے۔ ان خیالات کا اظہار چیئرمین ٹریڈ ریسل کے جنرل سیکرٹری نوید کنول نے ایک بیان میں کیا۔ انہوں نے کہا کہ ایف بی آر کی ٹیکس پالیسیوں میں ابہام کی وجہ سے ٹیکس گزار گوشوارے نہیں جمع کرا سکے، حکومت ٹیکس نادہندگان سے ٹیکس وصول کرنے پہلے سے ٹیکس (بقیہ نمبر 26)

راولپنڈی 4 منشیات فروش گرفتار، 4 کلو کے قریب چرس برآمد

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے منشیات فروشوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 4 ملزمان کو گرفتار کر کے 4 کلو کے قریب چرس برآمد کر لی۔ تفصیلات کے مطابق جاتی پولیس نے ملزم ارسلان سے 01 کلو 520 گرام چرس، منذر وپولیس نے ملزم نجم سے 01 کلو 250 گرام چرس، ملزم غلام شبیر سے 600 گرام چرس، ملزم (بقیہ نمبر 27)

راولپنڈی، ناجائز اسلحہ رکھنے پر 4 ملزمان گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 4 ملزمان کو گرفتار کر کے اسلحہ اور ایمونیشن برآمد کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق رواٹ پولیس نے ملزم خالد سے 01 پستول 30 بور مع ایمونیشن، کہوٹہ پولیس نے ملزم قاسم سے 01 پستول 30 بور مع ایمونیشن، کینٹ پولیس نے ملزم محمد منان سے 01 پستول 30 بور مع ایمونیشن، وسیٹرج پولیس نے ملزم بشارت سے 01 پستول 30 بور مع (بقیہ نمبر 29)

ایف بی آر کے دفاتر انکم ٹیکس گوشوارے جمع کرنے کیلئے کھلے رہے

وفاقی وزیر اطلاعات نقوی سے چائنیز قونصل جنرل ملاقات کر رہے ہیں

مرکزی انجمن تاجران کے زیر اہتمام ایلیان شہر کی کھلی بیٹھک

تاجروں اور شہریوں کی ایک بہت بڑی تعداد نے بیٹھک میں شرکت کی

پنڈ دادنخان (مرزا زاہد عباس سے) تفصیلات کے مطابق مرکزی انجمن تاجران کی جانب سے غلہ منڈی میں ایلیان شہر اور تاجروں پر مشتمل ایک بہت بڑی بیٹھک کا اہتمام کیا گیا جس میں تاجروں اور شہریوں سمیت سینکڑوں افراد نے شرکت کی اجلاس میں غلہ منڈی میں ایلیان شہر اور تاجروں پر مشتمل ایک بہت بڑی بیٹھک کا اہتمام کیا گیا جس میں شرکت کرتے ہوئے اس (بقیہ نمبر 7)



مرکزی انجمن تاجران کی جانب سے غلہ منڈی میں ایلیان شہر اور تاجروں پر مشتمل بیٹھک کا اہتمام

ایس ایچ او عامر شہزاد اعوان تھانہ سٹی پولیس بھکر کو شاباش

دو گھنٹوں میں ڈکیتی کی واردات ٹریس کر کے ملزمان گرفتار کر لیا

بھکر (ظفر اعوان) ریجن ایس ایچ او عامر شہزاد اعوان تھانہ سٹی پولیس بھکر، ریجن ڈکیتی واردات ایس ایچ او سٹی بھکر نے دو گھنٹوں میں ملزمان ٹریس کر کے مال مقدمہ برآمد کر لیا تفصیلات کے مطابق محلہ حبیب آباد بھکر میں گزشتہ رات گھر پر ڈکیتی ڈکیت 11 لاکھ نقدی اور 4 تولہ سونا لے کر فرار ہو گئے تھے ایس ایچ او تھانہ سٹی بھکر ملک عامر شہزاد کی ٹیم کے ہمراہ فوری حکمت عملی سے ملزمان کو گرفتار کر کے مال مقدمہ برآمد کر لیا ملزمان سے مزید تفتیش جاری

راولپنڈی، گرجا گھروں کی سیکورٹی کیلئے موثر انتظامات

پولیس کے 450 سے زائد افسران وجوانوں نے ڈیوٹی کے فرائض انجام دیئے

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس کی جانب سے گرجا گھروں کی سیکورٹی کیلئے موثر انتظامات کئے گئے، راولپنڈی پولیس کے 450 سے زائد افسران وجوانوں نے ڈیوٹی کے فرائض سرانجام دیئے۔ تفصیلات کے مطابق راولپنڈی پولیس کی جانب سے گرجا گھروں کی سیکورٹی کیلئے موثر انتظامات کئے گئے، راولپنڈی پولیس کے 450 سے زائد افسران وجوانوں نے ڈیوٹی کے فرائض سرانجام دیئے، تفصیلات کے مطابق راولپنڈی (بقیہ نمبر 38)

صوبائی وزیر صنعت وتجارت چوہدری شفاع حسین سے انٹرنیشنل لیبر ایڈیٹر ڈیکا وفد ملاقات کر رہا ہے

پاکستان سمیت دنیا بھر میں عالمی یوم قلب منایا گیا

ہر سال دنیا میں ایک کروڑ 5 لاکھ افراد دل کے امراض کی وجہ سے جان سے ہاتھ دھو بیٹھتے ہیں

لاہور (این این آئی) پاکستان سمیت دنیا بھر میں عالمی یوم قلب منایا گیا۔ اس دن کی مناسبت سے محکمہ صحت اور دل کے امراض کے حوالے سے کام کرنے والی غیر سرکاری تنظیموں کے زیر اہتمام سیمینار، واک فور واکس کا اہتمام کیا گیا۔ اس موقع پر ماہرین کا کہنا تھا کہ دنیا بھر میں اموات کا باعث بننے کی ایک بڑی وجہ ہے جس سے عالمی سطح پر ہر سال تقریباً ایک کروڑ 5 لاکھ افراد (بقیہ نمبر 9)

ملتان، بیکرز زراعت افتخار علی سہو وزیر اعلیٰ پنجاب کسان کارڈ فراہمی مرکز کے معائنہ کے دوران کاشتکاروں سے گفتگو کر رہے ہیں

فائرنگ کا تبادلہ، کچہ کے تین خطرناک ڈاکو ہلاک

پاک ڈاکوؤں کی شناخت قادر بخش ڈتی، دلوش ڈتی اور نیاز کھرانی کے ناموں سے ہوئی ہے

لاہور (این این آئی) پنجاب پولیس کو کچہ میں بدامن زمانہ ڈاکوؤں کے خلاف بڑی کامیابی ملی ہے، پنجاب پولیس رحیم یار خان اور ڈاکوؤں کے درمیان فائرنگ کے تبادلے میں 03 خطرناک ڈاکو ہلاک ہو گئے۔ ترجمان پولیس کے مطابق پاک ڈاکوؤں کی شناخت قادر بخش ڈتی، دلوش ڈتی اور نیاز کھرانی کے ناموں سے ہوئی ہے، ہلاک ڈاکوؤں کے قبضہ سے کلاشنکوف اور سنائپر کی تعداد میں گولیاں برآمد کر لی گئی ہیں۔ پولیس کی بھرپور کارروائی پر پاک ڈاکوؤں کے ساتھی کمادی کھل میں فرار ہو گئے۔ پولیس کی جانب سے بھرپور (بقیہ نمبر 40)

شہری سے رشوت وصول کرنے والا جعلی پولیس افسر گرفتار

جعلی پولیس افسر کا روپ دھار کر دو جنوں افراد سے لاکھوں روپے بٹورنے کا اعتراف

رائے وٹڑ (این این آئی) رائے وٹڑ سرکل پولیس نے بجریہ ٹاؤن خدمت مرکز میں شہری سے رشوت وصول کرنے والے جعلی پولیس افسر کو گرفتار کر لیا، جعلی پولیس افسر ذوالفرین العابدین سکنہ بنال روڈ ساندہ کا رہائشی ہے، پولیس افسران کے مطابق ملزم نے اعتراف کرتے ہوئے کہا کہ اس نے جعلی پولیس افسر کا روپ دھار کر دو جنوں افراد سے لاکھوں روپے بٹورے ہیں، ملزم اپنے رہائشی علاقہ میں بھی اپنا تعارف سب انسپکٹر کی حیثیت (بقیہ نمبر 41)

ایڈیٹر انچیف۔۔محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل اللہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔0309-7900035

غیر قانونی ایل پی جی ایجنسیوں کیخلاف کریک ڈاؤن

انتظامیہ ستو پی کر سوگئی کوئی پوچھنے والا نہیں گلی محلوں میں جان لیوا کاروبار عروج پر شہری عدم تحفظ کا شکار

متعلقہ اداروں کے اہلکاروں نے متعلقہ گلوا کر غیر قانونی کام کرنے والوں کو کھلی چھوٹ دے رکھی ہے عوامی حلقوں کے تحفظات

کورنجان (ثمر شہزاد) تحصیل کورنجان اور شہر کے اندر رہائشی ایریاز کے اندر جگہ جگہ غیر قانونی پٹرول ایجنسیوں کی بھرمار ایل پی جی کی گاڑیوں اور سلنڈرز میں ریفلنگ کا دھندہ عروج پر مقامی انتظامیہ کی بڑے سامنے کے روڈ ہونے کے انتظار میں ستو پی کر سوئی ہوئی ہے شہری حلقوں کے مطابق ایل پی جی پمپ، ریفلنگ کا دھندہ عروج پر ہونے کی وجہ سے کسی بھی قسم کے کوئی حفاظتی اقدامات (بقیہ نمبر 2)

صوبائی وزیر صنعت وتجارت چوہدری شفاع حسین سے انٹرنیشنل لیبر ایڈیٹر ڈیکا کے وفد کے ہمراہ گروپ فوٹو

ڈھیال پولیس کی کارروائی، بوگس کال کر نیوالا ملزم گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) ڈھیال پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے ایمرجنسی ہیلپ لائن 15 پر بوگس کال کرنے والے ملزم کو گرفتار کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق ڈھیال پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے ایمرجنسی ہیلپ لائن 15 پر بوگس کال کرنے والے ملزم ذوالفقار کو گرفتار کر لیا، ملزم ذوالفقار نے ایمرجنسی ہیلپ لائن 15 پر کال کی کہ ڈکیتی کی واردات ہو رہی ہے، ڈھیال پولیس فوری موقع پر پہنچی تحقیقات پر معاملہ افواہی جھگڑے کا پایا گیا، ڈھیال (بقیہ نمبر 43)

کہوٹہ پولیس کی کارروائی سے لڑکے سے نازیبا حرکات کرنیوالا ملزم گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) کہوٹہ پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے 15 سالہ لڑکے سے نازیبا حرکات کرنے والے ملزم کو گرفتار کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق متاثرہ لڑکے نے کہوٹہ پولیس کو درخواست دی کہ ملزم بلال نے اس کے ساتھ نازیبا حرکات کیں، کہوٹہ پولیس نے متاثرہ لڑکی کی مدعیت میں مقدمہ درج کر کے ملزم بلال کو گرفتار کر لیا، ایس ایچ او صدر محمد کمیل کھوکھر نے کہا کہ ملزم کو خوش شاہد کے (بقیہ نمبر 45)

چین میں وفات پانیوالی طالبہ کی میت پاکستان پہنچا دی گئی

میت کو اسلام آباد سے ایمبولینس کے ذریعے لیاقت پور پہنچایا جائے گا

اسلام آباد (این این آئی) چین میں وفات پانے والی میڈیکل کی طالبہ فرحانہ مشتاق کی میت اسلام آباد ایئرپورٹ پہنچا دی گئی۔ پی آئی اے کی پرواز میت لے کر اسلام آباد ایئر پورٹ پہنچی۔ فرحانہ مشتاق کے والد کا کہنا ہے کہ میت کو اسلام آباد سے ایمبولینس کے ذریعے لیاقت پور پہنچایا جائے گا۔ بلاری کے پچا نے بتایا کہ لیاقت پور کی طالبہ فرحانہ (بقیہ نمبر 4)

پنجگور میں 7 مزدوروں کے قتل کی شدید الفاظ میں مذمت

واقعہ میں ملوث شرپسند عناصر کسی رعایت کے مستحق نہیں ہیں، عمر ایوب

اسلام آباد (این این آئی) قومی اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر عمر ایوب نے بلوچستان کے علاقے پنجگور میں فائرنگ سے 7 مزدوروں کے قتل کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا کہ یہ واقعہ میں ملوث شرپسند عناصر کسی رعایت کے مستحق نہیں ہیں، قاتلوں کو فرار نہ کیے کردار تک پہنچایا جائے۔ اپنے بیان میں انہوں نے فائرنگ کے نتیجے (بقیہ نمبر 6)

پارلیمنٹ کی خودمختاری قائم رکھی جائے، بیگم تحسین فواد

مسلم لیگ (ن) کی جانب سے مخصوص نشستوں کے معاملے کو پارلیمنٹ میں لے جانے کا عندیہ دینا، ایک درست اقدام ہوگا

جس رکن پارلیمنٹ نے کاغذات نامزدگی کے ساتھ پارٹی سرٹیفکیٹ نہیں دیا، وہ آزاد تصور ہوگا، ممبر صوبائی اسمبلی

ایک شہری نے اپنی موٹر سائیکل کو ماہ ربیع الاول کی مناسبت سے جھنڈوں سے سجا رکھا ہے

راولپنڈی (نمائندہ عوامی للکار) پاکستان مسلم لیگ ن راولپنڈی کی سینئر نائب صدر و ممبر صوبائی اسمبلی بیگم تحسین فواد نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) کی جانب سے مخصوص نشستوں کے معاملے کو پارلیمنٹ میں لے جانے کا عندیہ دینا ایک درست اقدام ہوگا، جس کا میں خیر مقدم کرتے ہیں۔ انھوں نے اپنے بیان میں کہا کہ پارلیمنٹ کی خودمختاری قائم رکھی جائے اور مخصوص نشستیں الاٹ کی جائیں، جس رکن پارلیمنٹ نے کاغذات نامزدگی کے ساتھ پارٹی سرٹیفکیٹ نہیں دیا، وہ آزاد تصور ہوگا، وہ آزاد ارکان جو ایک سیاسی جماعت کا (بقیہ نمبر 7)

پاکستان میں بیروزگاری کی متوقع رپورٹ، آئی ایم ایف کی پیشگوئی

اسلام آباد (این این آئی) عالمی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) نے پاکستان میں بیروزگاری کی شرح میں کمی کی پیشگوئی کی ہے۔ آئی ایم ایف نے پاکستان سے ہونے والے معاہدے کی تفصیلات جاری کر دیں۔ عالمی مالیاتی فنڈ کی جانب سے پیشگوئی کی گئی ہے کہ معاہدے کے بعد پاکستان میں معاشی ترقی کی شرح بڑھ کر 3.2 فیصد ہو سکتی ہے، گزشتہ مالی سال پاکستان کی شرح نمو 2.4 فیصد تھی، پاکستان میں بے روزگاری کی شرح 8 فیصد سے کم ہو کر 7.5 (بقیہ نمبر 48)

چکری پولیس کی کارروائی، بھائی کو قتل کرنیوالا مجرم، سہولت کار گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) چکری پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے بھائی کو قتل کرنے والے اشتہاری مجرم اور سہولت کار کو گرفتار کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق چکری پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے بھائی کو قتل کرنے والے اشتہاری مجرم اور سہولت کار اشتہاری مجرم امداد کے ساتھی حیات خان کے خلاف مقدمہ درج کر کے اپنی بھائی کو قتل کر دیا تھا، اشتہاری مجرم امداد کے ساتھی 03 موبائل، کارڈین اور ایمبیشن برآمد ہوا، وقار کا مقدمہ مختلف کی (بقیہ نمبر 51)

سی سی پی او لاہور محمد عمر شیخ کی سربراہی میں پیشرفت کے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

دو بھائیوں میں جائیداد کے تنازعہ پر فائرنگ، 12 افراد زخمی

فائرنگ کے دوران عرس میراں حسین زنجانی پر آنے والے عقیدت مند بھی زخمی ہوئے

لاہور (این این آئی) لاہور کے علاقہ مصری شاہ میں جائیداد کے تنازعہ پر دو بھائیوں کے درمیان فائرنگ کے تبادلے میں 12 افراد زخمی ہو گئے۔ ایک کونسٹیبل نازک حالت میں ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔ پولیس کے مطابق مصری شاہ کے رہائشی دو بھائیوں ملک آدم اور ملک مانی کے درمیان جائیداد کے تنازعہ پر مبینہ تلخ کلامی ہوئی جس پر ملک مانی کے بیٹے ثمر نے اندھا دھند فائرنگ کر دی۔ پولیس کا کہنا ہے کہ ثمر نے فائرنگ کی زد میں آ کر مجموعی (بقیہ نمبر 50)

میت پر صحت کشوں کو نشانہ بنانا بزدلانہ فعل کی انتہا ہے

بلاول کی ہنگجور میں دہشتگردی کی مذمت، وزیر اعلیٰ سے تفصیلات طلب کر لیں

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے ہنگجور میں دہشتگردی کی مذمت کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ سے تفصیلات طلب کر لیں۔ اپنے بیان میں بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ ہنگجور میں مزدوروں کو بربریت کا (بقیہ نمبر 9)

پی آئی اے کی مسقط سے پشاور کی پرواز میں فنی خرابی

طیارہ چیننگ میں اچانک 36 ہزار فٹ کی بلندی سے نیچے آ گیا، کراچی میں ہنگامی لینڈنگ

کراچی (این این آئی) پاکستان انٹرنیشنل ایئرلائن (پی آئی اے) کی مسقط سے پشاور کی پرواز میں فنی خرابی کے باعث پرواز کو کراچی ایئرپورٹ پر ایمرجنسی کروا دی گئی۔ ایئرپس اے 320 فنی خرابی کی وجہ سے طیارہ چیننگ میں اچانک 36 ہزار فٹ کی بلندی سے نیچے آ گیا۔ پائلٹ نے اے ٹی سی اور راڈار پر ہنگامی صورتحال کا اعلان کیا کیونکہ طیارے کا 8 ہزار فٹ کی تم ترین بلندی پر کراچی لایا گیا۔ ایئرپورٹ حکام کا کہنا ہے (بقیہ نمبر 3)

آئی ڈونٹ کیئر: ذاتی و مالی معلومات آن لائن شیئر کرنے پر پاکستانی بے پروا

عالمی سطح پر 48 فیصد فکرمند نظر آئے، پاکستان میں 34 فیصد

اسلام آباد (این این آئی) لاعلمی یا لاپروائی؟ ذاتی اور مالی معلومات آن لائن شیئر کرنے پر پاکستانیوں کی اکثریت عالمی اوسط سے کم، عالمی سطح پر 48 فیصد انٹرنیٹ پر مالی معلومات شیئر کرتے ہوئے فکرمند نظر آئے۔ پاکستان میں 34 فیصد نے پریشانی کا اظہار کیا، 35 فیصد پاکستانی مالی معلومات انٹرنیٹ پر شیئر کرنے کے بارے میں بھی لاپرواہ دکھائی دیے، کوئی نقصان نہ ہونے کا یہ کیلیب پاکستان نے نیا سروے جاری کر دیا۔ سروے میں (بقیہ نمبر 4)

لیسکو میں خراب، جلنے والے میٹرز کی تعداد 40 ہزار سے تجاوز کر گئی

کمپنی کے پاس تقریباً فیز میٹرز کا سٹاک ختم ہونے کے قریب ہے

لاہور (این این آئی) لاہور الیکٹرک سپلائی کمپنی میں خراب اور جلنے والے میٹرز کی تعداد 40 ہزار سے تجاوز کر گئی، صارفین کو پرانے فیز میٹرز لگانے کا سلسلہ شروع کر دیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق ہیڈ کوارٹر میٹرز کی کمی کا شکار ہے، ایک ہزار میٹرز کی ضرورت ہے، ایک ہزار میٹرز کی ضرورت ہے، ایک ہزار میٹرز کی ضرورت